تپ دق کی نگہداشت: کیا توقع کی جائے

تپ دق (TB) کسی کو بھی ہو سکتی ہے۔ یہ قابل علاج ہے۔ اپنی TB کی صورت حال جاننے کے لیے جانچ کروائیں۔

اپائنٹمنٹ

ایسا شخص جسے TB کی تشخیص کرانے کی ضرورت ہو، وہ کلینک یا ہسپتال سے اپائنٹمنٹ لے گا۔

علامات اور ٹیسٹ کروانا

ایک نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کی علامات کی اسکریننگ کرے گا اور جلد یا خون سے TB کا ٹیسٹ انجام دے گا۔

اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آئے یا آپ میں علامات موجود ہوں، تو آپ کو TB کی مزید تشخیص کی ضرورت ہو گی۔

اگر آپ کا ٹیسٹ منفی آئے اور آپ میں علامات موجود نہ ہوں، تو آپ کو TB کی مزید تشخیص کی ضرورت نہیں ہو گی۔*

طبی تشخیص

ایک نگہداشت صحت فراہم کنندہ چھاتی کا ایکسرے کرے گا اور ٹیسٹ کے لیے آپ کا بلغم بھی لے سکتا ہے۔

تشخیص

TB انفیکشن کی دو اقسام ہیں: مخفی TB (بغیر علامات کے TB کی انفیکشن) اور فعال TB (علامات کے ساتھ TB کی انفیکشن)۔

علاج کا منصوبہ

TB کے مخفی یا فعال شکار افراد کو مخصوص علاج کا منصوبہ اور دوا دی جائے گی۔

براہ راست مشاہدہ تھراپی

آپ نگہداشت صحت کے ایک کارکن کی نگرانی میں دوا لیں گے، جو علاج کے نتائج کو بہتر بنانے میں مدد دے گا اور آپ کے لیے دوا کا استعمال جاری رکھنے میں مددگار ثابت ہو گا

علاج مکمل کرنا

TB کے علاج کے لیے تجویز کے مطابق دوا لینا ضروری ہے۔ علاج مکمل کرنا آپ اور دوسروں، بشمول آپ کے خاندان، دوستوں اور کمیونٹی کی حفاظت کرتا ہے۔

صحت برقرار رکھنا

علاج کے بعد آپ کی نگہداشت صحت ٹیم کے ساتھ فالو اپ رکھنا تجویز کیا جاتا ہے تاکہ صحت کی حالت کی نگرانی کی جا سکے اور اچھی صحت کو برقرار رکھا جا سکے۔

مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں یا ملاحظہ کریں: nyc.gov/health/tb

* جو لوگ ایسے افراد کے رابطے میں ہیں جنہیں فعال TB لاحق ہے یا جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے، انہیں مزید تشخیص کی ضرورت ہو سکتی ہے۔